سوال

غیر قانونی نکاح کر کے خاوند کی دوسری بیویوں کو شادی کا بتادیا تو خاوند نے طلاق دے دی اور اب وہ حمل گرانے کا مطالبہ کرتا ہے!

جواب

الحمد للہ

اول :

آپ کے والد نے سرکاری طور پر نکاح رجسٹر نہ کرا کر بہت بڑی غلطی کی ہے کہ اس نے عرفی نکاح کر دیا، ہم کئی بار بیان کر چکے ہیں کہ یہ عرفی نکاح اگرچہ نظریاتی ناحیہ سے شرعی ہے، لیکن نکاح سرکاری طور پر رجسٹر نہ کرانے میں بہت سارے نقصانات اور عظیم خرابیاں پائی جاتی ہیں جن میں سے اہم یہ ہیں :

رسمی طور پر کاغذات میں بچے کی نسبت والد کی طرف کرنا مشکل ہوتا ہے، اور اسی طرح عورت کے مالی حقوق بھی محفوظ نہیں رہتے مثلا مہر اور وراثت وغیرہ یہ ایسے امور ہیں جو کسی عقلمند کے لیے مخفی نہیں

دوم :

طلاق دینے والا جس سے بھی طلاق کی تعبیر کر سکتا ہو اس سے طلاق واقع ہو جاتی ہے چاہے وہ کلام ہو یا لکھ کر یا پھر اگر وہ گونگا ہے تو اشارہ کے ساتھ، اور خاوند کے موبائل سے کیا گیا طلاق کا میسج جس میں بیوی کو طلاق دی گئی ہو سے طلاق واقع ہو جاتی ہے، لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ یہ ثابت ہو جائے کہ میسج کرنے والا خود خاوند ہے، اور اس نے بغیر کسی جبر و اکراہ کے یہ میسج کیا ہو

سوم :

اکثر اور عام لوگ یہ خیال اور اعتقاد رکھتے ہیں کہ حاملہ عورت کو طلاق واقع نہیں ہوتی، لیکن ان کا یہ گمان و خیال غلط اور باطل ہے، بلکہ حاملہ عورت کی طلاق شرعی ہے اور یہ سنت کے مطابق ہے

اس بنا پر آپ کا خاوند اقرار کر چکا ہے کہ اس نے ہی یہ میسج کیا تھا اور اس میں جو کچھ تھا اسے اس کا علم ہے اور اس کے معانی کا مقصد یہی تھا تو آپ کو طلاق ہو چکی ہے اور یہ ایک طلاق شمار ہوگی

اور اب آپ طلاق کی عدت میں ہیں حتی کہ حمل وضع ہو جائے کیونکہ اللہ سبحانہ و تعالی کا فرمان ہے :

اور حمل والیوں کی عدت وضع حمل ہے الطلاق (4).

اور یہ عدت مطلقہ عورت اور جس کا خاوند فوت ہو جائے دونوں کو شامل ہوگی

اس طلاق کے نتیجہ میں یہ مرتب ہوتا ہے کہ : آپ خاوند کے گھر میں رہیں اور اپنے اختیار سے وہاں سے مت نکلیں، اور اسی طرح خاوند کے لیے بھی حلال نہیں کہ وہ آپ کو اس گھر سے

نکالے؛ کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اے نبی (صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت سے کہو کہ) جب تم اپنی بیویوں کو طلاق دینا چاہو تو ان کی عدت (کے دنوں کے آغاز) میں انہیں طلاق دو، اور عدت کا حساب رکھو، اور اللہ سے جو تمہارا پروردگار ہے ڈرتے رہو، نہ تم انہیں ان کے گھروں سے نکالو، اور نہ ہی وہ (خود) نکلیں ہاں یہ اور بات ہے وہ کھلی برائی کر بیٹھیں، یہ اللہ کی مقرر کردہ حدیں ہیں، جو شخص اللہ کی حدوں سے آگے بڑھ جائے اس نے یقیناً اپنے اوپر ظلم کیا، تم نہیں جانتے کہ شاید اس کے بعد اللہ تعالی کوئی نئی بات پیدا کر دے الطلاق (1).

اور دوران حمل آپ کا خاوند آپ کو اپنی عصمت میں واپس لینا کا زیادہ حقدار ہے، جیسا کہ اللہ تعالی کے اس فرمان میں بیان ہوا ہے :

اور ان کے خاوند اس میں انہیں واپس لینے کے زیادہ حقدار ہیں جب وہ اصلاح کا ارادہ رکھتے ہوں البقرۃ (228).

چہارم :

رہا آپ کے خاوند کا آپ سے اسقاط حمل کا مطالبہ کرنا اور آپ کا حمل چھ ماہ کا ہو چکا ہے تو یہ مطالبہ برائی ہے اور اسے اس کا کوئی حق حاصل نہیں، اور آپ کے لیے اس کے ارادہ اور مطالبہ پر عمل کرتے ہوئے اپنا حمل ساقط کروانا حلال نہیں، کیونکہ یہ ایک جان کو ناحق اور بے گناہ قتل کرنا ہے

ایسا کرنے میں گناہ اور دیت ہے جو کہ دین جنین کہلاتی ہے اور وہ ایک غلام یا لونڈی کی قیمت کی ادائیگی ہے جو یہ علماء مقرر کرینگے جو بچے کی ماں کی دیت کا عشر ہوگا، اور کفارہ بھی ہے جو دوماہ کے مسلسل روزے رکھنا ہونگے، اور آپ اور آپ کا خاوند دونوں ہی دیت اور گناہ میں شریک ہیں، اور تم دونوں پر دو دوماہ کے مسلسل روزے رکھنا ہونگے،

چنانچہ آپ اسقاط حمل سے گریز کریں، اور کوئی ایسا فعل سرانجام دینے میں اللہ سے ڈریں جو آپ کے لیے شرعاً حلال نہیں ہے، اور آپ خاوند کو بھی اللہ کا خوف دلائیں اور یہ علم میں رکھیں کہ اس مسئلہ میں آپ کے لیے خاوند کی اطاعت کرنا جائز نہیں ہے؛ کیونکہ وہ جو چاہتا ہے وہ ایک معصیت و نافرمانی ہے، اور اللہ تعالی کی معصیت و نافرمانی میں کسی کی بھی اطاعت نہیں ہو سکتی

آپ اپنے والد یا علق و دانش و حکمت رکھنے والے جس شخص کو پسند کرتی ہوں اپنے اور خاوند کے مابین واسطہ بنائیں تا کہ وہ آپ کو وقت گزرنے سے قبل اپنی عصمت میں واپس لے لے، اور جب ایسا ہو جائے تو آپ (اور آپ کا والد بھی) سرکاری طور پر نکاح رجسٹر کرانے کی کوشش کریں چاہے اس میں مشقت اٹھانی پڑے اور مشکل بھی پیش آتی ہو

اور اگر وہ انکار کرے اور آپ کو طلاق دینے پر ہی مصر ہو تو پھر آپ اس آزمائش پر صبر کریں اور اپنے معاملہ کو اللہ کے سپرد کر دیں، اور ناامید مت ہوں، ہو سکتا ہے اللہ تعالی آپ کو اس بچے میں خیر رکھی ہو، اور آپ کو اس خاوند سے بھی کوئی بہتر خاوند مل جائے

اور پھر اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

اور اگر وہ دونوں علیحدہ ہو جائیں تو اللہ تعالی ہر ایک کو اپنی وسعت سے غنی کر دیگا، اور اللہ بڑی وسعت والا اور حکمت والا ہے النساء (130).

واللہ اعلم .